سوال

(292)چاندی کی انگوٹھی پہننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قاری چاندی کی انگوٹھی پہننے کا حکم دریافت کرنا چاہتا ہے اگر پہننا جائز ہے تو دائیں ہاتھ کی انگلی میں پہنے یا بائیں ہاتھ کی انگلی میں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مرد عورت کسی کےلیے بھی چاندی کی انگوٹھی پہننے میں کوئی حرج نہیں ، دائیں اور بائیں دونوں ہاتھوں کی انگلیوں میں پہنی جاسکتی ہے مگر داہنے ہاتھ میں پہننا زیادہ بہتر ہے اس لیے کہ بایاں کے مقابلہ میں دایاں بہتر اور افضل ہے ۔

لیکن سونے کی انگوٹھی یا گھڑی پہننا مردوں کےلئے جائز نہیں ہے ۔ یہ صرف عورتوں کےلیے خاص ہے اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی بہت سی حدیثیں مروی ہیں جو مردوں کےلیے سونے اور ریشم کی حرمت اور عورتوں کےلیے ان کی اباحت پر دلالت کرتی ہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الادب، صفحہ:385

محدث فتویٰ